۶۔ الشیخ ثناء اللہ عبد الرحیم .... ناظم تعلیمات ۔ ۷۔ الشیخ محمود اسماعیل .... نائب ناظم تعلیمات ۔
۹۔ الشیخ بلال احمد .... قاضی و مفتی ۔ ۸۔ الشیخ ثناء اللہ سالک .... مدیر مالیات ۔

11-09-05 الاثر پبلک سکول غواڑی میں اعلان نتائج ششماہی امتحانات کے سلسلے میں ایک شاندار جلسہ کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں اساتذہ، طلباء، والدین، عمائدین اور معززین شہر شریک ہوئے۔ سکول بھر میں نسیم ثناء اللہ نے اول پوزیشن حاصل کی۔

15-09-05 جناب خرم بشر امین صاحب آف لندن تشریف لائے یونیورسٹی، فارم وغیرہ کا دورہ کیا۔ جامع الجامعۃ میں اساتذۃ اور طلباء سے " دور جدید کے تقاضوں اور ہمارا کردار اور عالم اسلام کی حالت زار " کے عنوان سے خطاب فرمایا۔ آخر میں سؤالات کے جواب دیے۔

17-09-05 جناب خرم بشیر امین نے الاثر پبلک سکول غواڑی کا معائنہ کیا اور ''وقت کی ضرورت'' پر خطاب کیا۔

20-09-05 وفاق المدارس السلفیۃ پاکستان کے زیر اہتمام سنٹر جامعہ دار العلوم میں سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔

☆☆☆☆☆

گورنر ہو تو ایسا ہو

مدائن میں ایک بہت بڑا تجارتی میلہ لگ رہا تھا۔ تاجر اپنا سامان لیے چلے آرہے تھے۔ ایک تجارتی قافلہ آ کر رکا، اسے اپنا سامان اٹھانے کیلئے کسی مزدور کی ضرورت پڑی۔ اتنے میں مدائن کے گورنر سیدنا سلمان رضی اللہ عنہ رعایا کی دیکھ بال کرتے ہوئے وہاں سے گزرے، لباس کی سادگی اور بے تکلفی کا یہ عالم تھا آپ پر مزدور ہونے کا گمان ہوا۔ ایک تاجر نے مزدور کہہ کر آواز دی، سامان اٹھوا دیا اور چل پڑے۔ جب لوگوں نے دیکھا تو بتایا کہ یہ تو مدائن کے گورنر ہیں۔ یہ سنتے ہی تاجروں کے حواس گم ہو گئے اور معذرت کرنے لگے۔

سیدنا سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا! اس میں کوئی حرج نہیں کہ میں تم لوگوں کا سامان منزل تک پہنچا دوں ، آخر گورنر کس بات کا ہوں۔